زکوۃ کے سال کے آخری دن رقم کا کم یا زیادہ ہونا

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میں 25 رجب کو صاحب نصاب ہوا اور اس وقت میرے پاس 10000 پاؤنڈز تھے۔ یہ میرے پاس اگلے سال 24 رجب تک رہے اور 24 رجب کو میرے پاس 2000 پاؤنڈ ز رہ گئے تو مجھ پر زکوۃ 10000 پر واجب ہوگئی یا 2000 پر ۔ اور اسی طرح اگر 15 رجب کو 10000 پاؤنڈز تھا اور پھر12000 ہوگئے تو کس رقم پر زکوۃ ہوگی۔ پلیز رہنمائی فرمادیں۔

سائل:سیف (انگلینڈ)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَوَالصَّوَاب

پہلی صورت میں زکوۃ 2000 پاؤنڈز پر واجب ہوگی ۔کیونکہ جو رقم پورا سال گزرنے سے پہلے ہی استعمال ہوگئی اس پر زکوۃ نہیں کہ وجوبِ زکوۃ کے لیے سال گزرنا شرط ہے ۔

جیساکہ تنویرالابصار مع درمختار میں ہے : **"وَشَرْطُهُ أَيْ شَرْطُ افْتِرَاضِ أَدَائِهَا حَوَلَانُ الْحَوْلِ"** زکوۃ کے فرض ہونے کی شرط پورے سال کا گزرنا ہے۔ (تنویرالابصار مع درمختار ج2 ص 267)

اوراسی کے تحت ردالمحتار علامہ ابن عابدین شامی تحریر فرماتے ہیں **:"وَالشَّرْطُ تَمَامُ النِّصَابِ فِي طَرَفَيْ الْحَوْلِ"**نصاب کا پورا ہونا سال کے دونوں کناروں(سال کے اول اور آخر) میں شرط ہے۔

(درمختار مع ردالمحتار ج2 ص 267)

اور اسی طرح دوسری صورت میں 12000 پر زکوۃ دے گا۔ کیونکہ سال کے درمیان یا سال کے آخر میں اگرچہ ایک ہی منٹ پہلےاسی جنس کا مال حاصل ہوا تویہ مال(جو ابھی حاصل ہوا) بھی پہلے مال سے ملادیا جائے گا اور کل پر زکوۃ واجب ہوگی۔

جیساکہ بہارشریعت میں ہے :جو شخص مالک نصاب ہے اگر درمیان سال میں کچھ اور مال اسی جنس کا حاصل کیا تو اُس نئے مال کا جدا سال نہیں، بلکہ پہلے مال کا ختم سال اُس کے لیے بھی سال تمام ہے، اگرچہ سال تمام سے ایک ہی منٹ پہلے حاصل کیا ہو، خواہ وہ مال اُس کے پہلے مال سے حاصل ہوا یا میراث وہبہ یا اور کسی جائز ذریعہ سے ملا ہو ۔

(بہارشریعت ج1 ص 884 مطبوعہ مکتبۃ المدینہ)

وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہُ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Date: 20-6-2018

Wealth being less or more on the last day of the year for Zakāh

الحمدلله والصلوة والسلام على رسول الله

QUESTION:

What do the scholars of the Din and muftis of the Sacred Law state regarding the following issue: I became an owner of the threshold on the 25th of Rajab, and at that time I had £10,000. I had this until the 24th of Rajab the following year; I had £2000 remaining on the 24th of Rajab, so will Zakāh be wājib on the £10,000 or £2000. Likewise, if someone had £10,000 on the 15th of Rajab, then a total of £12,000, so which amount will Zakāh be on? Please can you shed some light.

Questioner: Saif from England

ANSWER:

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَهاب اللهم هدايةَ الحَق والصواب

In the first case, Zakāh will be wājib on the amount of £2000, because there is no Zakāh upon any amount which has been used before the year's actual completion; it is a condition for Zakāh that a full [lunar] year passes.

Just as it stated in Tanwīr al-Absār ma' Durr Mukhtār that,

"وَشَرْطُهُ أَيْ شَرْطُ افْتِرَاضِ أَدَائِهَا حَوَلَانُ الْحَوْلِ"

"It is a condition for Zakāh being Fard that a complete [lunar] year passes."

[Tanwīr al-Absār ma' Durr Mukhtār, vol 2, pg 267]

Moreover, 'Allāmah Ibn 'Ābidīn Shāmī states regarding this in Radd al-Muhtār,

"وَالشَّرْطُ تَمَامُ النِّصَابِ فِي طَرَفَيْ الْحَوْلِ"

"It is a condition that the threshold be complete at the limit of both parts (start & end) of the [lunar] year."

[Durr Mukhtār ma' Radd al-Muhtār, vol 2, pg 267]

Similarly, in the second case, such person will give Zakāh on the amount of £12,000, because if any wealth of that very same category is attained, even if only a minute beforehand, then this wealth (which was just acquired) will also be mixed with the previous wealth, and Zakāh will be wājib on the full amount.

Just as it is stated in Bahār-e-Sharī'at that if a person is the owner of the threshold (i.e. liable for Zakāh), and in the middle of the year, he acquired some of the same type (of commodity), then the year for the new wealth is not counted as a separate year, but the end of the year of the initial wealth (or cash, etc.) is the same year ending for this as well, even if it was acquired a minute before the year ended.

And it does not matter whether this asset was attained by means of the same initial commodity, or whether it was acquired by way of inheritance, or as a gift, or by way of some other permissible means. However, if it is of a different type, for example, initially, he had camels and now he acquired goats, then he will count a new year for that.

[Bahār-e-Sharī'at, vol 1, part 5, pg 884]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri
Translated by Haider Ali